
ما شاء اللہ لا قوۃ الا باللہ
بفضل و تائید یزدانی بعد نظر ثانی مترجم عالم ربانی مولانا محب اللہ صاحب پانی پتی مجموعۂ مواعظ سعادت جاودانی یعنی
باہتمام الحاجی غفران محمد عبد الرحمن خان ابن حاجی محمد روشن خان مرحوم و برادر اعظم محمد مصطفیٰ خان مغفور
در مطبع نظامی واقع کانپور مطبوع گردید

بسم اللہ الرحمن الرحیم

عندلیب زبان ترانہ سنج حمد بہار آفرین ہی کہ شاخ خشک قلم کو برگ و بار توفیق تحریر توحید کا عطا فرمایا تب اُسنے صفحۂ اوراق کو ہزارہا گل ثنا اور تعریف سے رشک چمن بنایا

نظم

قلم سرو بستان توحید ہی | قلم بلبل باغ تحمید ہی
ورق صحن گلزار توصیف ہی | ورق گلشن حمد و تعریف ہی

سبحان اللہ کیا صانع ہے کہ ایک قطرۂ آب کو کہین صورت زیبا اور شکل دلآرا عیان کیا + اور کہین اُسکو در آبدار اور گوہر تابدار نمایان کیا فانوس کان مین لعل درخشان کی شمع جلاتا ہے اور قندیل صدف مین گوہر شبچراغ چمکاتا ہے سرو آزاد کے پاؤن مین موج آب سے اُسکی محبت کی زنجیر ہے + اور حلقہ اُسکے عشق کا قمری کے لئے طوق گلوگیر ہے دہان غنچہ اُسکے ذکر خفی سے عطر آمیز لبہائے ورد اُسکے ورد جلی سے لبریز چشم نرگس اُسکی راہ فیض پر کشادہ ہے + اور پیالۂ لالہ اُسکے در پر دریوزہ گری کا آمادہ ہے

مثنوی

یگانہ ہی وہ مالک دوسرا | تعالیٰ عن المثل رب ملیک
سہیم اُسکا ہرگز نہین دوسرا | علی کل امر بہ استعین
خداوند ہے وحدہٗ لاشریک | ہو المستعان فنعم المعین

اور نعت بیشمار سید مختار سرور ابرار رحمت عالم فخر بنی آدم کو کہ ظہور سراپا نور اُسکے سے ظلمت جہالت نے زوال پایا + اور جن و بشر کو دشت ضلالت سے راہ ہدایت کی طرف بلایا خس و خاشاک کفر کو برق تیغ اسلام سے جلایا + اور شرک کی آگ کو آب شمشیر توحید سے بجھایا خانہ کعبہ سے بتونکو نکالا اور خانۂ دلسے بت پرستی کو ٹالا

نظم

محمد نبی سرور انبیا
وہ مہر عرب اور وہ ماہ عجم
اور اصحاب اوسکے کہ تھے باادب
اور ان سب پہ ہو تا بروز قیام

حبیب خدا احمد مجتبا
اور آل اطہر گرامی صفات
کواکب ہین وہ دین کے سب

وہ بحر شفاعت وہ ابر کرم
سفینے کو امت کے انسے نجات
درود خدا اسپہ ہووے مدام

اما بعد بندۂ کمترین عبد الرحمن بن حاجی روشن خان مغفور سپرو خدمت مین سالکان راہ سنت اور رہروان طریق ہدایت کے عرض کرتا ہے کہ مدت دراز سے یہ آرزو جاگزین خاطر تھی کہ کوئی ایسا رسالہ مختصر مشتمل نصائح اور مواعظ کا ہاتھ لگے کہ اُسکے مطالعے سے

دل پریشان کی ظلمت اور کدورت جاوے اور روشنی ہدایت کی اور صفائی یقین کی آوے اسلیے کہ کتب مطولہ سے شاہد مقصود بدشواری جلوہ دکھاتا تھا، اور کتب مختصرہ سے گوہر مدعا کمتر ہاتھ آتا تھا آخرکو ن مین فضال خاوند لایزال سے گرہ مراد کی کھلی اور کلی مقصود کی کھلی یعنی کتاب **منبہات** تصنیف عمدۃ المحدثین زبدۃ المفسرین تاج العلماء الراسخین شیخ شہاب الملۃ والدین احمد بن حجر عسقلانی شافعی رحمہ اللہ تعالی کی ہاتھ آئی سبحان اللہ کیا عجب کتاب ہے مختصر اور کامل اور مضامین ہدایت کو شامل کہ کلمات فیض سمات اسکے مملو نصائح دلپذیر اور فقرات سعادت آیات اسکے مشحون مواعظ بے نظیر ہر حدیث اسکی سے دریائے موج زن اور ہر کلام اسکے سے آفتاب ارشاد پرتو فگن ہر سطر اسکی شاہ راہ تعلیم و تلقین ہر جملہ اسکا سرمایہ رشد و یقین

نظم

شریعت کا ہے مرشد رہنما
کہ بس روشن اُس سے ہر اک جمع ہے

طریقت کا ہے گوہر مدعا
دل اہل دین اوس پہ پروانہ ہے

شبستان دین کی وہ یک شمع ہے
اور اہل یقین کا وہ جانانہ ہے

لیکن تصحیف ناسخین سے کثرت اغلاط اور اختلاف نسخ اس مرتبے کا پایا کہ قلم مصححین اسکی تصحیح سے عاجز آیا علاوہ اسکے عربی عبارت کہ نہ پائے عوام اسکے مطالب کو پا نسکے اور شاہد مضمون پردے سے باہر آ نسکے لہذا خاکسار ہیچکارہ روزگار واسطے تصحیح کے کوشش موفور اور سعی مشکور بجالایا بعد سرگرمی تمام اور عرقریزی مالا کلام کے گوہر مقصود ہاتھ مین آیا یعنی قدوۃ المحققین افسر المدققین سرآمد کاملین پیشوائے عارفین حقائق آگاہ مولوی حافظ **محب اللہ** صاحب کی خدمت مین تکلیف اسکی تصحیح و ترجمہ کی دی جناب ممدوح نے اسکے نیچے زبان اردو مین ترجمہ سلیس کیا اور بعضے مطالب کو توضیح کر کے حاشیے مین لکھدیا چنانچہ خواص اسکو دیکھکر حظ وافی پائین گے اور فوائد بیشمار اس سے اٹھائین گے اور عوام اسکو پڑھکر روشنی علم مین آئینگے اور تاریکی جہل سے دور ہو جائین گے امید کہ طالبان دین جس وقت اسکا مطالعہ کرین خاکسار کے حق مین دعا فرمائین کہ دنیا کی تمام آفتون سے بچے اور آخرت کی خوبیون کو پہنچے آمین یا رب العالمین بجاہ النبی سید المرسلین

علیہ صلواتک الی یوم الدین ط

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع کرتا ہون مین ساتھ نام اللہ بخشش کرنے والے مہربان کے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ فِيْ كُلِّ حِيْنٍ وَّاَوْقَاتٍ وَّالصَّلٰوةُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ اَشْرَفِ الْخَلْقِ وَالْبَرِيَّا

سب تعریفین اللہ کو ہر زمانے اور ہر وقت مین اور درود اسکے رسول پر کہ بہترین خلق اور جہان کے ہین

هٰذِهٖ مُنَبِّهَاتٌ مِّمَّا صَنَّفَهُ الشَّيْخُ شِهَابُ الْمِلَّةِ وَالْحَقِّ وَالدِّيْنِ

یہ منبہات ہین مجملہ تصنیفات شیخ روشنی مذہب اور حق اور دین کے سے

اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ الْعَسْقَلَانِيُّ الْاَصْلِ ثُمَّ الْمِصْرِيُّ

احمد بن علی بن محمد بن احمد عسقلانی اصل پھر مصری

الشَّافِعِيُّ الشَّهِيْرُ بِابْنِ الْحَجَرِ عَلَى الْاِسْتِعْدَادِ لِيَوْمِ الْمَعَادِ فَاِنَّ مِنْهَا

شافعی مذہب شہور با بن حجر اوپر تیاری دن قیامت کے بعضا اس سے

مَا يَكُوْنُ مُثَنًّى وَّمِنْهَا مَا يَكُوْنُ ثُلَاثِيًّا اِلٰى تَمَامِ الْعَشَرَةِ بَابُ الثُّنَائِيِّ

دو دو کے بیان مین اور بعضے تین تین کے پورے دس تک یہ باب دو دو چیز کے بیان مین

فَمِنْهُ مَا رُوِيَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ خَصْلَتَانِ

سو بعض اسکے سے جو کہ روایت کیا گیا حضرت نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا دو خصلت ہین

لاشیئ

لاشئ افضل منهما الايمان بالله والنفع للمسلمين وخصلتان

کہ انسے بہتر کوئی شی نہین ایمان ساتھ اللہ کے اور نفع دینا مسلمانون کو اور دو خصلتین ہین

لاشئ اخبث منهما الشرك بالله والضر بالمسلمين وقال عليه

کہ انسے بُری کوئی شی نہین شرک کرنا اللہ کے ساتھ اور دُکھ دینا مسلمانون کو اور فرمایا حضرت رسول

السلام عليكم بمجالسة العلماء واستماع كلام الحكماء فان الله

علیہ السلام نے لازم پکڑو علما کے پاس بیٹھنا اور حکیمون کا کلام سننا کیونکہ اللہ

تعالى يحيى القلب الميت بنور الحكمة كما يحيى الارض الميتة

تعالی جلاتا ہے دل مرے ہوئے کو ساتھ نور حکمت کے جیسا کہ جلاتا ہے زمین مری ہوئی کو

بماء المطر وعن ابى بكر الصديق رض من دخل القبر بلا زاد فكانما

ساتھ پانی مینھ کے ف۱ اور روایت ہے حضرت ابو بکر صدیق رض سے جو شخص داخل ہوا قبر مین بے توشہ گویا کہ

ركب البحر بلا سفينة وعن عمر رض عز الدنيا بالمال وعز الاخرة

سوار ہوا دریا پر بے کشتی ف۲ اور روایت ہے حضرت عمر رض سے عزت دنیا مین مال سے ہے اور عزت آخرت مین

بصالح الاعمال وعن عثمان رض هم الدنيا ظلمة في القلب وهم الاخرة نور

عمل صالح سے اور روایت ہے حضرت عثمان رض سے غم دنیا کا اندھیرا ہے دل مین اور غم آخرت کا روشنی ہے

في القلب وعن على رض من كان في طلب العلم كانت الجنة في طلبه ومن كان في

دل مین اور روایت ہے حضرت علی رض سے جو کوئی علم کی طلب مین ہے جنت اُسکی طلب مین ہے اور جو کوئی

طلب المعصية كانت النار في طلبه وعن يحيى بن معاذ رض اعصى

گناہ کی طلب مین ہے دوزخ اُسکی طلب مین ہے اور روایت ہے یحیی بن معاذ سے نہین گناہ کرتا

الله كريم وما آثر الدنيا على الاخرة حليم وعن الاعمش رض من

اللہ کا کوئی بزرگ اور نہین اختیار کرتا دنیا کو آخرت پر کوئی عالم شریعت ف۳ اور روایت ہے اعمش سے

كان رأس ماله التقوى كلّت الالسن عن وصف ربحه في دينه ومن كان

جس کسیکا اصل مال تقوی ہے تھک رہین زبانین بیان نفع دین اسکے سے اور جس کسیکا

ف۱ [illegible]

ف۲ [illegible]

ف۳ یعنی شان کریمی کی یہ ہے کہ گناہ نکرے اور شان حلم کی یہ ہے کہ دنیا کو اختیار نکرے اور جو ایسا نکرے سمجھو کہ وہ کریم و حلیم نہین ۱۲

رأس مال الدنيا كلت الالسن عن وصف خسران دينه

اصل مال دنیا ہے تھک گئیں زبانیں بیان خسارہ دین اُسکے سے

وعن سفيان الثوري كل معصية عن شهوة فانه يرجى

اور روایت ہے سفیان ثوری رح سے جو گناہ ہوتا ہے خواہش نفسانی سے بیشک امید ہے

غفرانها وكل معصية عن الكبر فانه لا يرجى غفرانها لان

اُسکی بخشش کی اور جو گناہ ہوتا ہے غرور سے بیشک امید نہین اُسکی بخشش کی کیونکہ

معصية ابليس كان اصلها من الكبر وزلة آدم كان اصلها

گناہ شیطان کا اصل اُس کی غرور تھا اور لغزش حضرت آدم کی اصل اسکی

من الشهوة وعن بعض الزهاد من اذنب ذنبا وهو

خواہش نفسانی تھی ف ۱ اور روایت ہے بعضے زاہد سے جسنے گناہ کیا اور وہ

يضحك فان الله يدخله النار وهو يبكي ومن اطاع وهو يبكي

ہنستا رہا سو بیشک ڈالیگا اسکو اللہ آگ مین کہ وہ روتا ہوگا اور جسنے بندگی کی اور روتا رہا

فان الله يدخله الجنة وهو يضحك وعن بعض الحكماء

سو بیشک اسکو اللہ داخل کریگا جنت مین کہ وہ ہنستا ہوگا اور روایت ہے بعضے حکیمون سے

لا تحقروا الذنوب الصغار فانها تتشعب منها الذنوب الكبار

حقیر نہ سمجھو چھوٹے گناہون کو کہ پیدا ہوتے ہین اُنسے گناہ بڑے ف ۲

وعن النبي صلى الله عليه وسلم لا صغيرة مع الاصرار

اور روایت ہے حضرت نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے گناہ صغیرہ نہین ساتھ ہمیشگی کے

ولا كبيرة مع الاستغفار قيل هم العارف الثناء وهم

اور گناہ کبیرہ نہین ساتھ استغفار کے ف ۳ کہا گیا ہے قصد عارف کا تعریف خدا کی ہے اور قصد

الزاهد الدعاء لان هم العارف ربه وهم الزاهد نفسه

زاہد کا دعا ہے اپنے لئے کیونکہ مقصود عارف کا پروردگار ہے اور مقصود زاہد کا اپنی بھلائی ہے

ف ۱ یعنی گناہ شیطان کا بخشا نہ گیا کہ غروری اور سے تھا اور گناہ حضرت آدم کا بخشا گیا کہ خواہش نفسانی سے تھا نہ غرور سے

ف ۲ یعنی اگر گناہ صغیرہ پر دوام کرے تو کبیرہ ہوتا ہے پھر چھوٹے گناہ کرنے سے

وعن بعض الحكماء من توهم ان له وليا اولى من الله قلت
اور روایت ہے بعضے حکیمون سے جسنے خیال کیا کہ اسکا کوئی دوست زیادہ اللہ سے ہے کم ہے
معرفته بالله ومن توهم ان له عدوا اعدى من نفسه قلت
پہچان اسکی ساتھ اللہ کے اور جسنے خیال کیا کہ اسکا کوئی دشمن زیادہ نفس سے ہے کم ہے
معرفته بنفسه وعن ابي بكر الصديق رضی في قوله تعالى ظهر
پہچان اسکی ساتھ نفس کے اور روایت ہے حضرت ابوبکر صدیق رض سے بیچ تفسیر قول اللہ تعالیٰ کے ظاہر ہوا
الفساد في البر والبحر قال البر هو اللسان والبحر هو القلب فاذا
فساد جنگل مین اور دریا مین کہا مراد لفظ بر سے زبان ہے اور لفظ بحر سے دل ہے پس جسجگہ
فسد اللسان بكت عليه النفوس واذا فسد القلب بكت
فاسد ہوئی زبان روتی ہین اوسپر جانین اور جبکہ فاسد ہوا دل روتے ہین
عليه الملائكة قيل ان الشهوة تصير الملوك عبيدا والصبر
اوسپر فرشتے کہا گیا ہے کہ شہوت بادشاہون کو غلام کرتی ہے اور صبر
يصير العبيد ملوكا الا ترى الى قصة يوسف وزليخا قيل
غلامون کو بادشاہ کرتا ہے کیا تو نہین دیکھتا قصہ حضرت یوسف ع اور زلیخا کا ف ۲ کہا گیا ہے
طوبى لمن كان عقله اميرا وهواه اسيرا وويل لمن كان هواه
خوشی ہو اس شخص کو کہ عقل اسکی حاکم ہے اور خواہش نفسانی اسکی قیدی ہے اور خرابی ہو اس شخص کی کہ
اميرا وعقله اسيرا قيل من ترك الذنوب رق قلبه ومن
خواہش اسکی حاکم ہے اور عقل اسکی قیدی ہے کہا گیا ہے جسنے چھوڑے گناہ نرم ہوا دل اوسکا اور جسنے
ترك الحرام واكل الحلال صفت فكرته اوحى الله الى بعض
چھوڑا حرام اور کھایا حلال صاف ہوئی فکر اسکی حکم کیا اللہ نے بعضے
الانبياء اطعني فيما امرتك ولا تعصني فيما نصحتك قيل كمال العقل
انبیا کی طرف تابعداری کر میرے حکم کی اور نافرمانی نکر میری نصیحت کی کہا گیا ہے کامل ہونا عقل کا

ف ۱ یعنی حق تعالیٰ نے فرمایا ہے ظاہر ہوا فساد جنگل اور دریا میں بسبب اعمال آدمیوں کے سو اس آیت کی تفسیر میں حضرت ابوبکر صدیق نے فرمایا کہ بر سے مراد زبان ہے اور بحر سے مراد دل ہے کہ واسطے کہ زبان بر یعنی جنگل کی طرح ظاہر ہے اور دل بحر کے مانند پوشیدہ ہے اور یہ بھی کہ جیسے دریا کے بیچ موتی ہین ویسے ہی دل کے بیچ معرفت کے موتی ہین یعنی دونوں کا فساد بہت برا ہے کہ کفر اور شرک ان سے ہوتا ہے ۱۲

ف ۲ یعنی حضرت یوسف علیہ السلام نے زلیخا کے حق میں صبر کیا بادشاہ ہوئے اور زلیخا بسبب شہوت کے آخر کو ان کی تابع ہوئی ۱۲

اتباع رضوان اللہ تعالیٰ واجتناب سخطہ قیل لا غربۃ للفاضل
پیروی رضامندی اللہ تعالیٰ کی اور بچنا اسکے غصے سے کہا گیا ہے نہیں غربت الخ

ولا وطن للجاہل قیل من کان بالطاعۃ عند اللہ قریبا کان
اور نہیں وطن واسطے جاہل کے کہا گیا ہے جو کوئی بسبب طاعت کے اللہ سے قریب ہے

بین الناس غریبا قیل حرکۃ الطاعۃ دلیل المعرفۃ کما ان حرکۃ
لوگوں میں وہ غریب ہے کہا گیا ہے حرکت کرنی واسطے طاعت کے دلیل معرفت کی ہے جیسا کہ حرکت

الجسم دلیل الحیوۃ قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم اصل جمیع
جسم کی دلیل زندگی کی ہے فرمایا حضرت نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جڑ تمام

الخطایا حب الدنیا واصل جمیع الفتن منع العشر والزکوۃ قیل
گناہوں کی محبت دنیا کی ہے اور جڑ تمام فتنوں کی نہ دینا عشر اور زکوۃ کا ہے کہا گیا ہے

المقر بالتقصیر ابدا محمود والاقرار بالتقصیر علامۃ القبول قیل
اقرار کرنے والا تقصیر کا ہمیشہ بھلا ہے اور اقرار کرنا تقصیر کا نشان قبولیت کا ہے کہا گیا ہے

کفران النعمۃ لوم وصحبۃ الاحمق شوم قال الشاعر شعر
ناشکری نعمت کی بخیلی ہے اور صحبت احمق کی شامت ہے کہا ہے شاعر نے

یا من بدنیاہ اشتغل	قد غرہ طول الامل
اے کہ دنیا میں ہوا ہے مشتغل	غرہ کیا تجھکو رکھتا ہے طول امل
... یزل فی غفلۃ	حتی دنا منہ الاجل
کہ ... میں ہمیشہ عمر ...	اب تو نزدیک آن پہنچی ہے اجل
... الی بغتۃ	والقبر صندوق العمل
... تیرے تئیں	قبر ہوگی تیرا صندوق عمل
... اھوالہا	لا موت الا بالاجل
... اب تو صبر کر	ہے نہیں مرنا مگر وقت اجل

ف ۱ یعنی فاضل جہاں جاتا ہے علم و کمال کے سبب لوگ اسکی عزت کرتے ہیں پھر وہ جگہ بمنزلہ وطن کے ہو جاتی ہے بخلاف جاہل کے کہ اسکو وطن میں بھی کوئی نہیں پوچھتا گویا وہ مسافر ہے ۱۲

ف ۲ طاعت بغیر علم کے نہیں ہوتا ہے ... ہے جیسا کہ بدن کا حرکت کرنا دلیل ہے زندگانی کی ۱۲



باب الثلاثي روي عن النبي صلى الله عليه وسلم انه
یہ باب ہے تین تین چیزوں کے بیان میں روایت ہے حضرت نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے انھوں نے
قال من اصبح وهو يشكو ضيق المعاش فكانما يشكو ربه
فرمایا جو کوئی صبح کو اٹھا شکوہ کرتا ہوا تنگی معاش کا گویا شکوہ کرتا ہے اپنے پروردگار کا
ومن اصبح لامور الدنيا حزينا فقد اصبح ساخطا على
اور جو کوئی صبح کو اٹھا امور دنیا سے غمگین بیشک وہ ہوا غصے
الله ومن تواضع لغني لغناه فقد ذهب ثلثا دينه وعن ابي بكر
اللہ پر اور جسنے تواضع کی غنی کی بسبب اسکی دولت کے بیشک جاتی رہی دو تہائی اسکے دین کی اور روایت ہے حضرت
الصديق رض ثلث لا يدرك بثلث الغنى بالمنى والشباب بالخضاب و
ابو بکر صدیق رض سے تین چیزیں ہیں کہ تین چیزوں سے حاصل نہیں ہوتیں دولتمندی خواہشوں سے اور جوانی خضاب کرنے سے
الصحة بالادوية وعن عمر رض حسن التودد الى الناس نصف
اور تندرستی دوائیوں سے ۲ اور روایت ہے حضرت عمر رض سے محبت محبوب کرنی آدمیوں کے ساتھ آدھی
العقل وحسن السؤال نصف العلم وحسن التدبير نصف المعيشة
عقل ہے اور اچھی طرح پوچھنا آدھا علم ہے اور تدبیر نیک کرنی آدھی گزران ہے ۳
وعن عثمان رض من ترك الدنيا احبه الله تعالى ومن ترك
اور روایت ہے حضرت عثمان رض سے جسنے چھوڑا دنیا کو دوست رکھا اسکو اللہ تعالی نے اور جسنے چھوڑے
الذنوب احبه الملائكة ومن حسم الطمع عن المسلمين احبه
گناہ دوست رکھا اسکو فرشتوں نے اور جسنے طمع کاٹ ڈالی مسلمانوں سے دوست رکھا اسکو
المسلمون وعن علي ان من نعيم الدنيا يكفيك الاسلام نعمة
مسلمانوں نے اور روایت ہے حضرت علی رض سے بیشک دنیا کی نعمتوں سے کفایت کرتی ہے تجھکو نعمت اسلام کی
وان من الشغل يكفيك الطاعة شغلا وان من العبرة
اور بیشک شغل سے کفایت کرتی ہے تجھکو عبادت کا شغل اور بیشک عبرت پکڑنے کو

يكفيك الموت عبرة وعن عبد الله بن مسعود كم من

کفایت ہے تجکو عبرت موت کی اور روایت ہے عبد اللہ بن مسعود رضہ سے کتنے لوگ

مستدرج بالنعمة عليه وكم من مفتون بالثناء عليه وكم

بڑھتے ہیں گناہوں میں بسبب بڑھنے نعمتوں کے اسپر اور کتنے لوگ فتنے میں پڑتے ہیں بسبب تعریف اپنی کے اور کتنے لوگ

من مغرور بالستر عليه وعن داود النبي قال أوحي في

فریب کھاتے ہیں بسبب پردہ پوشی عیبوں کے اور روایت ہے داود نبی ع سے کہا حکم ہوا ہے

الزبور حق على العاقل أن لا يشتغل إلا بثلث تزود لمعاد

زبور میں کہ لازم ہے عقلمند کو تین چیز کے سوا کچھ شغل نہ کرے توشہ لینا واسطے آخرت کے

ومؤنة لمعاش وطلب لذة بحلال وعن أبي هريرة رض أنه

اور محنت اٹھانی واسطے معاش کے اور لذت چاہنی ساتھ حلال کے اور روایت ہے ابو ہریرہ رض سے انہوں نے

قال قال النبي صلى الله عليه وسلم ثلث منجيات وثلث

کہا کہ فرمایا حضرت نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے تین چیزیں نجات دینے والی ہیں اور تین چیزیں

مهلكات وثلث درجات وثلث كفارات أما المنجيات

ہلاک کرنے والی ہیں اور تین چیزیں درجے بڑھاتی ہیں اور تین چیزیں کفارہ گناہوں کی ہیں لیکن نجات دینے والی

فخشية الله تعالى في السر والعلانية والقصد في الفقر و

سو خوف اللہ تعالی کا چھپے اور کھلے اور میانہ چال مفلسی اور

الغنى والعدل في الرضاء والغضب وأما المهلكات فشح

دولتمندی میں اور اندازہ رکھنا خوشی اور غصے میں اور لیکن ہلاک کرنے والی سو بخل

شديد وهوى متبع وإعجاب المرء بنفسه وأما الدرجات

بڑا ہے اور وہ خواہش کہ تابع ہوں اسکی اور خود پسندی آدمی کی اور لیکن درجہ بڑھانے والی

فافشاء السلام وإطعام الطعام والصلوة بالليل والناس

سو پھیلانا سلام کا اور کھانا کھلانا اور نماز رات کو پڑھنی کہ لوگ

نیام واما الکفارات فاسباغ الوضوء فی السبرات ونقل

سوتے ہوں اور لیکن کفارے گناہوں کے سو پوری وضو کرنی سردی کی صبح کو اور پاؤں چلنا

الاقدام الی الجماعات وانتظار الصلوة بعد الصلوة وقال جبرئیل

نماز جماعت کے لیے اور انتظاری نماز کی پیچھے نماز کے اور کہا حضرت جبرئیل نے

یا محمد صلی اللہ علیہ وسلم عش ما شئت فانک میت واحبب

یا محمد صلے اللہ علیہ وسلم زندہ رہ جب تک چاہے سو تو مریگا اور محبت کر

من شئت فانک مفارقہ واعمل ما شئت فانک مجزی بہ قال

جس سے چاہے سو تو اس سے جدا ہوگا اور کام کر جو چاہے سو تو اس کا بدلا دیا جائیگا فرمایا

النبی صلی اللہ علیہ وسلم ثلث نفر یظلہم اللہ تحت ظل

حضرت نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے تین قسم کے لوگوں کو سایہ دیگا اللہ نیچے سایہ

عرشہ یوم لا ظل الا ظلہ المتوضی فی المکارہ والماشی الی

عرش کے جس دن کہ سایہ نہ ہوگا سوائے سایہ اسکے کے وضو کرنیوالا تکلیفوں میں اور چلنے والا

المساجد فی الظلم ومطعم الجائع وقیل لابراہیم لای شیء

مسجد کی طرف اندھیری میں اور بھوکے کو کھلانے والا اور کہا گیا حضرت ابراہیم علیہ السلام سے کس سبب

اتخذک اللہ خلیلا قال بثلثۃ اشیاء اخترت امر اللہ تعالی

ٹھیرایا تجکو اللہ نے اپنا خلیل فرمایا بسبب تین چیز کے اختیار کیا میں نے حکم اللہ تعالی کا

علی امر غیرہ وما اہممت بما تکفل اللہ لی وما تعشیت و

غیر کے حکم پر اور نہیں فکر کیا میں نے اس چیز کا کہ اللہ نے ذمہ کیا میرے لیے اور نہ شام کو کھایا میں نے اور

ما تغدیت الا مع الضیف وعن بعض الحکماء ثلثۃ اشیاء

نہ صبح کو مگر ساتھ مہمان کے فا اور روایت ہے بعضے حکما سے تین چیزیں

تفرج الغصص ذکر اللہ تعالی ولقاء اولیائہ وکلام الحکماء

کہ دور کرتی ہیں رنج کو یاد اللہ تعالی کی اور ملاقات اسکے دوستوں کی اور کلام حکیموں کی

وعن الحسن البصري من لا ادب له لا علم له ومن لا

اور روایت ہے حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ سے جسکو ادب نہیں اسکو علم نہیں اور جسکو

صبر له لا دين له ومن لا ورع له لا زلفى له وروي أن

صبر نہیں اسکو دین نہیں اور جسکو پرہیزگاری نہیں اسکو نزدیکی خدا سے نہیں اور روایت کیا گیا کہ

رجلا خرج من بني اسرائيل الى طلب العلم فبلغ ذلك نبيهم

کہ ایک مرد نکلا بنی اسرائیل میں کا طلب علم کو پھر پہونچی یہ خبر انکے نبی کو

فبعث اليه فاتاه فقال له يا فتى اني اعظك بثلاث خصال

تب بھیجا اسکو اسکی طرف پھر آیا اس پاس تب کہا اسکو ای جوان میں نصیحت کروں تجکو تین خصلتوں کی

فيها علم الاولين والاخرين خف الله في السر والعلانية

کہ ان میں پہلوں اور پچھلوں کا علم ہے ڈرتا رہے اللہ سے پوشیدہ اور ظاہر

وامسك لسانك عن الخلق لا تذكرهم الا بخير وانظر

اور روک رکھ اپنی زبان کو خلق کی بات سے ذکر مت انکا مگر سوا نیکی کے اور دیکھ

خبزك الذي تاكله حتى يكون من الحلال فامتنع الفتى عن

روٹی اپنی کو کہ کھاتا ہے تو اسکو تو کہ ہووے حلال سے پس رک رہا جوان

الخروج وروي ان رجلا من بني اسرائيل جمع ثمانين

نکلنے سے ف اور روایت کیا گیا ہے کہ ایک آدمی نے بنی اسرائیل میں سے جمع کیے اسی

تابوتا من العلم ولم ينتفع بعلمه فاوحى الله تعالى الى نبيهم ان قل

صندوق علم کے اور فائدہ نہ اٹھایا اپنے علم سے تب حکم بھیجا اللہ تعالیٰ نے انکے نبی کو کہ کہہ

لهذا الجامع لو جمعت كثيرا من العلم لم ينفعك الا ان

اس جمع کرنے والے کو اگر جمع کریگا تو بہت علم فائدہ نہ دیگا تجکو مگر کہ

تعمل بثلثة اشياء لا تحب الدنيا فليست بدار المؤمنين ولا تصاحب

عمل کرے تین چیزوں پر محبت نہ رکھ دنیا سے کہ وہ گھر مومنوں کا نہیں اور ہمراہی نہ کر

ف ۱ یعنی جوان بنی اسرائیل کا واسطے طلب علم کے نکلا تھا سو انکے نبی نے اسکو ایسی نصیحت [illegible] کہ [illegible] جوان [illegible] اپنا [illegible] غرض یہ ہے کہ آدمی کو [illegible] ضروری [illegible] ۱۲

الشيطان

الشَّيْطَانَ فَلَيْسَ بِرَفِيقِ الْمُؤْمِنِينَ وَلَا تُؤْذِ أَحَدًا فَلَيْسَ بِحِرْفَةِ
شیطان کی کہ وہ رفیق مؤمنون کا نہیں اور ایذا نہ دے کسیکو کہ وہ پیشہ

الْمُؤْمِنِينَ وَعَنْ أَبِي سُلَيْمَنَ الدَّارَانِيِّ أَنَّهُ قَالَ فِي الْمُنَاجَاةِ
مؤمنون کا نہیں اور روایت ہے ابو سلیمان دارانی سے کہ اسنے کہا مناجات مین

إِلٰهِي لَئِنْ طَالَبْتَنِي بِذَنْبِي لَأُطَالِبَنَّكَ بِعَفْوِكَ وَلَئِنْ طَالَبْتَنِي
ای خدا جو تو ڈھونڈے گا گناہ میرا مقرر ڈھونڈونگا مین بخشش تیری اور جو تو ڈھونڈیگا

بِبُخْلِي لَأُطَالِبَنَّكَ بِسَخَائِكَ وَلَئِنْ أَدْخَلْتَنِي النَّارَ لَأُخْبِرَنَّ
بخل میرا مقرر ڈھونڈونگا مین سخاوت تیری اور جو تو ڈالیگا مجکو آگ مین خبر دونگا

أَهْلَ النَّارِ بِأَنِّي أُحِبُّكَ وَقِيلَ سَعَدَ النَّاسِ مَنْ لَهُ قَلْبٌ
دوزخیون کو کہ مین محبت رکھتا ہون تجسے اور کہا گیا ہے بڑا نیک بخت آدمیون مین وہ ہے کہ اسکا دل

عَالِمٌ وَبَدَنٌ صَابِرٌ وَقَنَاعَةٌ بِمَا فِي الْيَدِ وَعَنْ إِبْرَاهِيمَ النَّخَعِيِّ رض
دانا ہو اور بدن صابر ہو اور قناعت ہو ہاتھ کی چیز پر اور روایت ہے ابراہیم نخعی سے

إِنَّمَا هَلَكَ مَنْ قَبْلَكُمْ بِثَلَاثِ خِصَالٍ بِفُضُولِ الْكَلَامِ وَ
بیشک ہلاک ہوئے وہ لوگ کہ ہلاک ہوے پہلے تمہارے تین خصلتون سے زیادہ کلام سے اور

فُضُولِ الطَّعَامِ وَفُضُولِ الْمَنَامِ وَعَنْ يَحْيَى بْنِ مُعَاذٍ الرَّازِيِّ
زیادہ کھانے سے اور زیادہ سونے سے اور روایت ہے یحیی بیٹے معاذ رازی سے

طُوبَى لِمَنْ تَرَكَ الدُّنْيَا قَبْلَ أَنْ تَتْرُكَهُ وَبَنَى قَبْرَهُ قَبْلَ أَنْ يَدْخُلَهُ
خوشی ہے اسکو کہ چھوڑا اسنے دنیا کو پہلے دنیا کے چھوڑنے سے اسکو اور بنائی اپنی قبر پہلے اس مین داخل ہونے سے

وَأَرْضَى رَبَّهُ قَبْلَ أَنْ يَلْقَاهُ وَعَنْ عَلِيٍّ مَنْ لَمْ يَكُنْ عِنْدَهُ سُنَّةُ اللّٰهِ
اور خوش کیا اپنے رب کو پہلے اسکے ملنے سے اور روایت ہے حضرت علی رض سے جسکے پاس نہین ہے طریقہ اللہ کا

وَسُنَّةُ رَسُولِهِ وَسُنَّةُ أَوْلِيَائِهِ فَلَيْسَ فِي يَدِهِ شَيْءٌ قِيلَ لَهُ مَا سُنَّةُ اللّٰهِ
اور طریقہ رسول کا اور طریقہ اولیا کا پھر کچھ نہین اسکے ہاتھ مین کہا گیا اسنے کیا طریقہ اللہ کا ہے

۱ یعنی وہ [illegible] کرنا [illegible] دوست ہونا [illegible] چال دوستوں کا [illegible] سی باتیں اور [illegible] لطائف سے ۱۲

قَالَ كِتْمَانُ السِّرِّ وَقِيلَ مَا سُنَّةُ الرَّسُولِ قَالَ الْمُدَارَاةُ بَيْنَ النَّاسِ

فرمایا چھپانا بھید کا اور کہا گیا کیا ہے طریقہ رسول کا فرمایا موافقت کرنی لوگوں سے

وَقِيلَ مَا سُنَّةُ أَوْلِيَائِهِ قَالَ احْتِمَالُ الْأَذَى عَنِ النَّاسِ وَكَانُوا

اور کہا گیا کیا ہے طریقہ اولیا کا فرمایا لوگوں کی بُرائی پر صبر کرنا اور

مَنْ قَبْلَنَا يَتَوَاصَوْنَ بِثَلَاثِ خِصَالٍ وَيَتَكَاتَبُونَ بِهَا مَنْ عَمِلَ لِآخِرَتِهِ

پہلے لوگ وصیت کرتے تھے تین خصلتوں کی اور لکھ دیتے تھے اُنکو وہ یہ ہیں جو کام آخرت کا کریگا

كَفَاهُ اللّٰهُ أَمْرَ دِينِهِ وَدُنْيَاهُ وَمَنْ أَحْسَنَ سَرِيرَتَهُ أَحْسَنَ اللّٰهُ

اللہ اسکے کام دین و دنیا کے بنا دیگا اور جو اپنا باطن سنواریگا اللہ اُسکا ظاہر

عَلَانِيَتَهُ وَمَنْ أَصْلَحَ مَا بَيْنَهُ وَبَيْنَ اللّٰهِ أَصْلَحَ اللّٰهُ مَا بَيْنَهُ وَبَيْنَ النَّاسِ

سنواریگا اور جسنے درست کیا معاملہ اپنا اللہ کے ساتھ درست کریگا اللہ معاملہ اُسکا لوگوں کے ساتھ

وَعَنْ عَلِيٍّ كُنْ عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرَ النَّاسِ وَكُنْ عِنْدَ النَّفْسِ شَرَّ النَّاسِ

اور روایت ہے حضرت علی سے ہو اللہ کے نزدیک لوگوں سے اچھا ہو جا اور اپنے نزدیک لوگوں سے بُرا ہو جا

وَكُنْ عِنْدَ النَّاسِ رَجُلًا مِنَ النَّاسِ قِيلَ أَوْحَى اللّٰهُ تَعَالَى إِلَى عُزَيْرٍ

اور لوگوں کے نزدیک ایک آدمی اُن میں سے ہو جا کہا گیا وحی کی اللہ تعالی نے حضرت عزیر نبی کی

النَّبِيِّ فَقَالَ يَا عُزَيْرُ إِذَا أَذْنَبْتَ ذَنْبًا صَغِيرًا فَلَا تَنْظُرْ إِلَى صِغَرِهِ

طرف سو فرمایا اے عزیر جب کرے تو چھوٹا گناہ پھر نہ دیکھ اُسکا چھوٹا پن

وَانْظُرْ إِلَى مَنِ الَّذِي أَذْنَبْتَ لَهُ وَإِذَا أَصَابَكَ خَيْرٌ يَسِيرٌ فَلَا

اور دیکھ اسکو کہ جسکا گناہ کیا تو نے اور جب تجھے پہنچے بھلائی تھوڑی پھر نہ

تَنْظُرْ إِلَى صِغَرِهِ وَانْظُرْ إِلَى مَنِ الَّذِي رَزَقَكَ وَإِذَا أَصَابَكَ

دیکھ اُسکا چھوٹا پن اور دیکھ اسکو کہ جسنے دی ہے روزی تجھکو اور جب پہنچے تجھکو

بَلِيَّةٌ فَلَا تَشْكُوْنِي إِلَى خَلْقِي كَمَا لَا أَشْكُوكَ إِلَى مَلٰئِكَتِي

کوئی مصیبت پھر میری شکایت مکر خلق سے جیسا میں شکایت تیری نہیں کرتا فرشتوں سے

إذا صعدت إلي مساويك وعن حاتم الأصم ما من صباح

جسوقت آوین میری طرف برائیان تیری اور روایت ہے حاتم اصم سے ہر صبح کو

إلا ويقول الشيطان لي ما تأكل وما تلبس وأين تسكن فأقول

کہتا ہے شیطان مجکو کیا کھاوے گا تو اور کیا پہنے گا اور کہان رہیگا سو مین اسکو کہتا ہون

له آكل الموت وألبس الكفن وأسكن القبر وعن النبي صلى

کھاؤنگا موت اور پہنونگا کفن اور رہونگا قبر مین اور روایت ہے حضرت نبی صلی

الله عليه وسلم من خرج من ذل المعصية إلى عز الطاعة

اللہ علیہ وسلم سے جو نکلا گناہ کی ذلت سے طرف عزت عبادت کے

أغناه الله تعالى من غير مال وأيده من غير جند وأعزه من غير

غنی کریگا اسکو اللہ تعالی بدون مال کے اور قوت دیگا اسکو بدون لشکر کے اور عزت دیگا اسکو

عشيرة وروي أنه عليه السلام خرج ذات يوم على أصحابه

بدون عشیرہ کے اور روایت ہے کہ آنحضرت علیہ السلام باہر آئے ایک دن اصحاب پاس

فقال كيف أصبحتم فقالوا أصبحنا مؤمنين بالله فقال وما علامة

اور کہا کیونکر صبح کی تم نے بولے صبح کی ہمنے ساتھ ایمان اللہ کے تب فرمایا کیا ہے علامت

إيمانكم قالوا نصبر على البلاء ونشكر على الرخاء ونرضى

تمہارے ایمان کی بولے ہم صبر کرتے ہین بلا پر اور شکر کرتے ہین عیش پر اور راضی ہین

بالقضاء فقال عليه السلام أنتم مؤمنون حقا ورب

ساتھ قضا کی تب فرمایا حضرت علیہ السلام نے تم مومن ہو بے شک قسم ہے

الكعبة أوحى الله تعالى إلى بعض الأنبياء من لقيني وهو

کعبہ کی وحی بھیجی اللہ تعالے نے طرف بعض انبیا کے جو شخص ملیگا مجھسے

يحبني أدخلته جنتي ومن لقيني وهو يخاف مني جنبته ناري و

کہ محبت رکھتا ہے میرے ساتھ داخل کرونگا اسکو اپنی جنت مین اور جو شخص ملیگا مجھسے کہ ڈرتا ہے میرے سے دور رکھونگا مین اسکو اپنی آگ سے اور

مَنْ لَقِيَنِيْ وَهُوَ يَسْتَحْيِيْ مِنِّيْ اَنْسَيْتُ الْحَفَظَةَ ذُنُوْبَهٗ وَ

جو شخص ملیگا مجھسے کہ وہ حیا کرتا ہے میرے سے بھلا دونگا نگاہبان فرشتوں کو اسکے گناہ اور

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رضـ اَدِّ مَا افْتَرَضَ اللّٰهُ عَلَيْكَ تَكُنْ اَعْبَدَ

روایت ہے عبداللہ بن مسعود رضـ سے پورا کر جو فرض کیا ہے اللہ نے تجھپر ہوگا تو سب

النَّاسِ وَاجْتَنِبْ مَحَارِمَ اللّٰهِ تَكُنْ اَزْهَدَ النَّاسِ وَارْضَ بِمَا

لوگوں سے بڑا عابد اور بچ حرام چیزوں اللہ کی سے ہوگا تو سب لوگوں سے بڑا زاہد اور راضی ہو جو

قَسَمَ اللّٰهُ لَكَ تَكُنْ اَغْنَى النَّاسِ وَعَنْ صَالِحِ الْمُرِّيِّ اَنَّهٗ

قسمت میں کیا اللہ نے تیری ہوگا تو سب لوگوں سے بڑا غنی اور روایت ہے صالح مری سے کہ وہ

مَرَّ بِبَعْضِ الدِّيَارِ فَقَالَ يَا دِيَارُ اَيْنَ اَهْلُكِ الْاَوَّلُوْنَ وَاَيْنَ

گزرے کسی گھر پر سو کہا اے گھر کہاں ہیں تیرے لوگ پہلے اور کہاں ہیں

عُمَّارُكِ الْمَاضُوْنَ وَاَيْنَ سُكَّانُكِ الْاَقْدَمُوْنَ فَهَتَفَ بِهٖ

تیرے بنانے والے پہلے اور کہاں ہیں تیرے رہنے والے پہلے پھر آواز دی اسکو

هَاتِفٌ اِنْقَطَعَتْ اٰثَارُهُمْ وَبَلِيَتْ تَحْتَ التُّرَابِ اَجْسَامُهُمْ

آواز دینے والے نے کٹ گئیں نشانیاں انکی اور گل گئے نیچے مٹی کے بدن انکے

وَبَقِيَتْ اَعْمَالُهُمْ قَلَائِدَ فِيْ اَعْنَاقِهِمْ وَعَنْ عَلِيٍّ تَفَضَّلْ

اور رہ گئے عمل انکے ہار گلوں کے اور روایت ہے علی رضـ سے احسان کر

عَلٰى مَنْ شِئْتَ فَاَنْتَ اَمِيْرُهٗ وَاسْاَلْ عَمَّنْ شِئْتَ فَاَنْتَ اَسِيْرُهٗ

جسپر چاہے سو تو حاکم اسکا ہے اور مانگ جس سے چاہے سو تو قیدی اسکا ہے

وَاسْتَغْنِ عَمَّنْ شِئْتَ فَاَنْتَ نَظِيْرُهٗ وَعَنْ يَحْيَى بْنِ مُعَاذٍ رَحْمَةُ

اور بے پروا ہو جس سے چاہے سو تو برابر اسکے ہے اور روایت ہے یحییٰ بن معاذ رحمۃ

اللّٰهِ عَلَيْهِ تَرْكُ الدُّنْيَا كُلِّهَا اَخْذُهَا كُلِّهَا فَمَنْ تَرَكَهَا كُلَّهَا اَخَذَهَا

اللہ علیہ سے چھوڑنا تمام دنیا کا لینا ہے تمام اسکے کا پھر جسنے چھوڑا تمام کو لیا

كُلَّهَا

ف [illegible] عمل [illegible] بدلا [illegible]

كُلَّهَا وَمَنْ اَخَذَهَا كُلَّهَا تَرَكَهَا كُلَّهَا فَاَخْذُهَا فِي تَرْكِهَا وَتَرْكُهَا

تمام کو اور جس نے لیا تمام کو چھوڑا اسنے تمام کو پس لینا اسکا چھوڑنے میں ہے اور چھوڑنا

فِي اَخْذِهَا وَعَنْ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ اَدْهَمَ رَحِمَهُ اللّٰهُ اَنَّهُ قِيْلَ لَهُ

اسکا لینے میں ہے اور روایت ابراہیم بن ادہم رحمہ اللہ سے کہ انسے کہا گیا کس چیز سے

بِمَا وَجَدْتَ الزُّهْدَ قَالَ بِثَلٰثَةِ اَشْيَاءَ رَاَيْتُ الْقَبْرَ مُوْحِشًا

پایا تونے زہد کہا تین چیز سے دیکھا میں نے قبر کو وحشتناک

وَلَيْسَ مَعِيَ مُؤْنِسٌ وَرَاَيْتُ طَرِيْقًا طَوِيْلًا وَلَيْسَ مَعِيَ زَادٌ وَ

اور نہیں میرے ساتھ انس والا اور دیکھا میں نے راہ دراز اور نہیں میرے ساتھ توشہ اور

رَاَيْتُ الْجَبَّارَ قَاضِيًا وَلَيْسَ مَعِيَ حُجَّةٌ وَعَنِ الشِّبْلِيِّ رَحِمَهُ

دیکھا میں نے خدائے غالب کو حاکم اور نہیں میرے پاس کوئی دستاویز اور روایت ہے شبلی رحمہ

اللّٰهُ وَهُوَ مِنْ عُظَمَاءِ الْعَارِفِيْنَ قَالَ اِلٰهِيْ اِنِّيْ اُحِبُّ اَنْ اَهَبَ

اللہ سے کہ وہ بڑے عارفوں سے ہیں کہا اے خدا میں پسند رکھتا ہوں کہ بخشوں تجھکو

لَكَ جَمِيْعَ حَسَنَاتِيْ مَعَ فَقْرِيْ وَضَعْفِيْ فَكَيْفَ لَا تُحِبُّ

تمام نیکیاں اپنی باوجود فقیری اور ضعیفی اپنی کے پس کیوں نہیں پسند رکھتا تو

سَيِّدِيْ اَنْ تَهَبَ لِيْ جَمِيْعَ سَيِّئَاتِيْ مَعَ غِنَاكَ مَوْلَايَ عَنِّيْ

اے سردار کہ بخشے مجھکو تمام گناہ میرے باوجود بے پروائی تیری کے اے مولا میرے مجھسے

وَقَالَ اِذَا اَرَدْتَ اَنْ تَسْتَاْنِسَ بِاللّٰهِ فَاسْتَوْحِشْ مِنْ

اور کہا جو وقت ارادہ کرے تو انس کا ساتھ اللہ کے پس وحشت کر اپنے

نَفْسِكَ وَقَالَ لَوْ ذُقْتُمْ حَلَاوَةَ الْوُصْلَةِ لَعَرَفْتُمْ مَرَارَةَ

نفس سے اور کہا جو چکھو تم حلاوت وصال کی البتہ پہچانو تم تلخی

الْقَطِيْعَةِ وَعَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ رَحِمَهُ اللّٰهُ اَنَّهُ سُئِلَ

فراق کی ف ۲ اور روایت ہے سفیان ثوری رحمہ اللہ سے کہ وہ پوچھے گئے

عَنِ الْاُنْسِ بِاللّٰہِ تَعَالٰی مَا ھُوَ فَقَالَ اَنْ لَّا تَسْتَاْنِسَ بِکُلِّ وَجْہٍ

کہ اُنس کرنا ساتھ اللہ تعالیٰ کے کیا ہے تب کہا کہ الفت نکرے تو اچھی صورت سے

صَبِیْحٍ وَّلَا بِصَوْتٍ طَیِّبٍ وَّلَا بِلِسَانٍ فَصِیْحٍ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ

اور نہ اچھی آواز سے اور نہ زبان فصیح سے اور روایت ہے حضرت ابن عباس رضی اللہ

اللّٰہُ عَنْہُمَا اَنَّہٗ قَالَ الزُّھْدُ ثَلٰثَۃُ اَحْرُفٍ زَاۗیٌ وَّھَاۗءٌ وَّدَالٌ فَالزَّاۗءُ

عنہما سے کہ اُسنے کہا زہد کے تین حرف ہیں زے اور ہے اور دال سو زے سے

زَادٌ لِّلْمَعَادِ وَالْھَاۗءُ ھُدًی لِّلدِّیْنِ وَالدَّالُ دَوَامٌ عَلَی الطَّاعَۃِ وَقَالَ

توشہ قیامت کا مراد ہے اور ہے سے ہدایت دین کی اور دال سے ہمیشگی عبادت کی اور کہا ہے

فِیْ مَوْضِعٍ اٰخَرَ الزُّھْدُ ثَلٰثَۃُ اَحْرُفٍ اَلزَّاۗءُ تَرْکُ الزِّیْنَۃِ وَالْھَاۗءُ تَرْکُ

دوسری جگہ زہد کے تین حرف ہیں زے چھوڑنا زینت کا اور ہے چھوڑنا

الْھَوٰی وَالدَّالُ تَرْکُ الدُّنْیَا وَعَنْ حَامِدِنِ اللَّفَّافِ رَحِمَہُ اللّٰہُ

خواہش کا اور دال چھوڑنا دنیا کا اور روایت ہے حامد لفاف رحمہ اللہ سے

اَنَّہٗ قَالَ اَتَاہُ رَجُلٌ فَقَالَ لَہٗ اَوْصِنِیْ فَقَالَ اجْعَلْ لِّدِیْنِکَ

اُسنے کہا آیا اُسکے پاس ف ١ ایک مرد اور کہا اُس سے نصیحت کرو مجھکو فرمایا ٹھہرالے اپنے دین کا

غِلَافًا کَغِلَافِ الْمُصْحَفِ قِیْلَ لَہٗ مَا غِلَافُ الدِّیْنِ قَالَ لَہٗ تَرْکُ

غلاف قرآن کے غلاف جیسا ف ٢ کہا گیا اُس سے کیا ہے غلاف دین کا فرمایا اُس سے چھوڑنا

الْکَلَامِ اِلَّا مَا لَا بُدَّ مِنْہُ وَتَرْکُ الدُّنْیَا اِلَّا مَا لَا بُدَّ مِنْہُ

کلام کا مگر جو ضرور ہے اور چھوڑنا دنیا کا مگر جو ضرور ہے

وَتَرْکُ مُخَالَطَۃِ النَّاسِ اِلَّا مَا لَا بُدَّ مِنْہُ ثُمَّ اعْلَمْ

اور چھوڑنا ملاپ آدمیوں کا مگر جو ضرور ہے پھر جان لے

اَنَّ اَصْلَ الزُّھْدِ الْاِجْتِنَابُ عَنِ الْمَحَارِمِ کَبِیْرِھَا

کہ اصل زہد کا بچنا ہے حرام چیزوں بڑی

ف ١ اُسکے پاس یعنی پیر کے پاس ١٢

ف ٢ یعنی جیسا قرآن شریف کو غلاف میں حفاظت کے لیے رکھتے ہیں اسی طرح دین کی حفاظت بھی ضرور کرنی چاہیے اور دین کا غلاف واسطے حفاظت کے بہت کلام کرنا اور دنیا کا چھوڑنا اور آدمیوں کے یعنی دنیاداروں سے کم ملنا ہے ١٢

وصیتہم

وَصَغِيرِهَا وَأَدَاءِ جَمِيعِ الْفَرَائِضِ يَسِيرِهَا وَعَسِيرِهَا وَتَرْكُ

اور چھوٹی سے اور ادا کرنا ہے سب فرضوں آسان اور مشکل کا اور چھوڑنا

الدُّنْيَا عَلَى أَهْلِهَا قَلِيلِهَا وَكَثِيرِهَا وَعَنْ لُقْمَانَ الْحَكِيمِ

دنیا کا اہل دنیا پر تھوڑی اور بہت اور روایت ہے لقمان حکیم سے

أَنَّهُ قَالَ لِابْنِهِ يَا بُنَيَّ إِنَّ النَّاسَ ثَلَاثَةُ أَثْلَاثٍ ثُلُثٌ لِلَّهِ وَ

کہ اُسنے کہا اپنے بیٹے کو اے بیٹے لوگ تین تہائی ہیں ف۱ ایک تہائی اللہ کی اور

ثُلُثٌ لِنَفْسِهِ وَثُلُثٌ لِلدُّودِ فَأَمَّا مَا هُوَ لِلَّهِ فَرُوحُهُ وَمَا هُوَ

ایک تہائی نفس کی اور ایک تہائی کیڑے کی سو وہ جو اللہ کی ہے وہ روح ہے اور وہ جو

لِنَفْسِهِ فَعَمَلُهُ وَأَمَّا مَا هُوَ لِلدُّودِ فَجِسْمُهُ وَعَنْ عَلِيٍّ كَرَّمَ اللَّهُ

نفس کی ہے وہ عمل ہے اور وہ جو کیڑے کی ہے وہ بدن ہے اور روایت ہے حضرت علی سے بزرگ

وَجْهَهُ أَنَّهُ قَالَ ثَلَاثَةٌ يَزِدْنَ فِي الْحِفْظِ وَيُذْهِبْنَ الْبَلْغَمَ

کرے اللہ منہ انکا کہ اُنہوں نے فرمایا تین چیزیں زیادہ کرتی ہیں یاد میں اور کھوتی ہیں بلغم کو

السِّوَاكُ وَالصَّوْمُ وَقِرَاءَةُ الْقُرْآنِ وَعَنْ كَعْبِ الْأَحْبَارِ رَضِيَ

مسواک اور روزہ اور پڑھنا قرآن کا اور روایت ہے کعب احبار راضی ہو

اللَّهُ عَنْهُ الْحُصُونُ لِلْمُؤْمِنِينَ مِنَ الشَّيْطَانِ ثَلَاثٌ الْمَسْجِدُ

اللہ ان سے کہ قلعے مومنوں کے شیطان سے تین ہیں مسجد

حِصْنٌ وَذِكْرُ اللَّهِ حِصْنٌ وَقِرَاءَةُ الْقُرْآنِ حِصْنٌ وَعَنْ

قلعہ ہے اور یاد اللہ کی قلعہ ہے اور پڑھنا قرآن کا قلعہ ہے اور روایت ہے

بَعْضِ الْحُكَمَاءِ أَنَّهُ قَالَ ثَلَاثٌ مِنْ كَنْزِ اللَّهِ تَعَالَى لَا يُعْطِيهَا اللَّهُ

بعض حکیموں سے کہ اُسنے کہا تین چیزیں ہیں خدا کے خزانے کی ہیں نہیں دیتا اللہ کسیکو

إِلَّا مَنْ أَحَبَّهُ الْفَقْرُ وَالْمَرَضُ وَالصَّبْرُ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ

مگر جسکو دوست رکھتا ہے فقیری اور مرض اور صبر ف۲ اور روایت ہے ابن عباس

رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا حِيْنَ سُئِلَ مَا خَيْرُ الْاَيَّامِ وَمَا خَيْرُ الشُّهُوْرِ وَ
رضے اللہ عنہما سے جس وقت پوچھا گیا کونسا دن اچھا ہے اور کون مہینا اچھا ہے اور

مَا خَيْرُ الْاَعْمَالِ فَقَالَ خَيْرُ الْاَيَّامِ يَوْمُ الْجُمُعَةِ وَخَيْرُ الشُّهُوْرِ
کون عمل اچھا ہے تب فرمایا اچھا دنوں میں جمعے کا دن ہے اور اچھا مہینوں میں سے

شَهْرُ رَمَضَانَ وَخَيْرُ الْاَعْمَالِ الصَّلَوَاتُ الْخَمْسُ لِوَقْتِهَا فَمَضٰى
رمضان کا مہینا ہے اور اچھا عملوں میں سے پانچوں نمازیں وقت پر پھر گزرے

عَلٰى ذٰلِكَ ثَلٰثَةُ اَيَّامٍ فَبَلَغَ عَلِيًّا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ ابْنَ
اس بات پر تین دن تب پوچھے حضرت علی رضے اللہ عنہ کو کہ ابن

عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا سُئِلَ عَنْ ذٰلِكَ فَاَجَابَ بِكَذَا
عباس رضے اللہ عنہما پوچھا گیا ان چیزوں سے سو اسنے جواب ایسا دیا

فَقَالَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ لَوْ سُئِلَ الْعُلَمَاءُ وَالْحُكَمَاءُ وَالْفُقَهَاءُ
پھر فرمایا حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اگر پوچھے جاویں علما اور حکما اور فقہا

مِنَ الْمَشْرِقِ اِلَى الْمَغْرِبِ لَمَا اَجَابُوْا بِمِثْلِ مَا اَجَابَ بِهِ ابْنُ عَبَّاسٍ
مشرق سے مغرب تک جواب نہ دینگے جیسا کہ جواب دیا ہے ابن عباس نے

اِلَّا اَنِّيْ اَقُوْلُ اِنَّ خَيْرَ الْاَعْمَالِ مَا يَقْبَلُ اللّٰهُ تَعَالٰى مِنْكَ وَخَيْرُ
مگر میں کہتا ہوں کہ اچھا عملوں میں سے وہ ہے کہ قبول کرے اللہ تعالی تجھسے اور اچھا

الشُّهُوْرِ مَا تَتُوْبُ فِيْهِ اِلَى اللّٰهِ تَوْبَةً نَّصُوْحًا وَخَيْرُ الْاَيَّامِ مَا تَخْرُجُ
مہینوں میں سے وہ ہے کہ رجوع کرے تو اس میں اسکی طرف رجوع خالص اور اچھا دنوں میں سے وہ دن ہے

فِيْهِ مِنَ الدُّنْيَا اِلَى اللّٰهِ تَعَالٰى مُؤْمِنًا بِاللّٰهِ وَقَالَ الشَّاعِرُ اَشْعَارٌ
کہ جاوے تو اس میں دنیا سے اللہ کی طرف ساتھ ایمان کے اور کہا شاعر نے

اَمَا تَرٰى كَيْفَ يُبْلِيْنَا الْجَدِيْدَانِ	وَنَحْنُ نَلْعَبُ فِيْ سِرٍّ وَّاِعْلَانٍ
تو دیکھے کس طرح گزرے ہے دن رات	ہمیں بسر کھیلنے سب پر عیاں ہے

لا ترکنی

لا تركنن إلى الدنيا ونعمتها مت رغبت نعمتوں دنیا کی ست کر	فإن أوطانها ليست بأوطان یہ دنیا بے وفا کس کا مکان ہے
واعمل لنفسك من قبل الممات ولا عمل اپنے لیے کر زندگی مین	تغررك كثرة أصحاب وإخوان نہ کھا دھوکا کہ بسیار اسباب جہان ہے

زخرفها
خوبیان

وقيل إذا أراد الله بعبد خيرا فقهه في الدين وزهده
اور کہا گیا ہے جب اللہ نے چاہی بندے کی بھلائی ہوشیاری دی اسکو دین مین اور بیزاری دی
في الدنيا وبصره بعيوب نفسه وعن رسول الله صلى الله
دنیا سے اور دکھلائے اسکو عیب اسکے اور روایت ہے حضرت رسول اللہ صلے اللہ
عليه وسلم أنه قال حبب إلي من دنياكم ثلث الطيب و
علیہ وسلم سے کہ فرمایا پسند ہین مجکو تمہاری دنیا کی تین چیزین خوشبو اور
النساء وجعلت قرة عيني في الصلوة وكان معه أصحابه
عورت وا اور ٹھہرائی گئی ٹھنڈک میری آنکھ کی نماز مین اور حضرت پاس اصحاب
جلوسا فقال أبو بكر الصديق رضي الله تعالى عنه صدقت
بیٹھے تھے سو کہا حضرت ابو بکر صدیق رضے اللہ تعالی عنہ نے سچ فرمایا تمنے
يا رسول الله وحبب لي من الدنيا ثلث النظر إلى وجه
یا رسول اللہ اور پسند ہین مجکو دنیا کی تین چیزین دیکھنا طرف منہ
رسول الله وإنفاق مالي على رسول الله وأن يكون ابنتي
رسول اللہ کے اور خرچ کرنا اپنا مال رسول اللہ پر اور میری بیٹی
تحت رسول الله فقال عمر رضي الله عنه صدقت يا أبا بكر
رسول اللہ کی خدمت مین رہے وا پھر کہا حضرت عمر رضے اللہ عنہ نے سچ کہا تو نے اے ابو بکر
وحبب لي من الدنيا ثلث الأمر بالمعروف والنهي عن المنكر
اور پسند ہین مجکو دنیا کی تین چیزین اچھی بات بتانی اور روکنا بری بات سے

وَالثَّوْبُ الْخَلَقُ فَقَالَ عُثْمَانُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ صَدَقْتَ يَا عُمَرُ وَحُبِّبَ
اور پرانا کپڑا پھر کہا حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے سچ کہا تم نے اے عمر اور پسند ہیں

إِلَيَّ مِنَ الدُّنْيَا ثَلٰثٌ إِشْبَاعُ الْجِيعَانِ وَكِسْوَةُ الْعُرْيَانِ وَتِلَاوَةُ
مجھکو دنیا کی تین چیزیں پیٹ بھرنا بھوکوں کا اور کپڑے پہنانے ننگوں کو اور پڑھنا

الْقُرْاٰنِ فَقَالَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ صَدَقْتَ يَا عُثْمَانُ وَحُبِّبَ إِلَيَّ مِنَ
قرآن کا پھر کہا حضرت علی رضی اللہ عنہ نے سچ کہا تم نے اے عثمان اور پسند ہیں مجھکو

الدُّنْيَا ثَلٰثٌ اَلْخِدْمَةُ لِلضَّيْفِ وَالصَّوْمُ فِي الصَّيْفِ وَالضَّرْبُ بِالسَّيْفِ
دنیا کی تین چیزیں خدمت مہمان کی اور روزہ رکھنا گرمی میں اور مارنا تلوار کا ف ۱

فَبَيْنَمَا هُمْ كَذٰلِكَ إِذْ جَاءَ جِبْرَئِيْلُ وَقَالَ أَرْسَلَنِيَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى
سو وہ اس حال میں تھے کہ آئے جبریل علیہ السلام اور کہا بھیجا مجھکو اللہ تبارک تعالیٰ نے

لَمَّا سَمِعَ مَقَالَتَكُمْ وَأَمَرَكَ أَنْ تَسْأَلَنِيْ عَمَّا أُحِبُّ إِنْ كُنْتُ مِنْ
جبکہ سنی گفتگو تمہاری اور حکم کیا تم کو کہ پوچھو میرے سے کہ کیا پسند کرتا میں

أَهْلِ الدُّنْيَا فَقَالَ فَمَا تُحِبُّ إِنْ كُنْتَ مِنْ أَهْلِ الدُّنْيَا فَقَالَ
اہل دنیا سے ہوتا حضرت نے کہا کیا پسند کرتا تو جو اہل دنیا سے ہوتا تب کہا

إِرْشَادُ الضَّالِّيْنَ وَمُوَانَسَةُ الْغُرَبَاءِ الْقَانِتِيْنَ وَمُعَاوَنَةُ أَهْلِ
راہ بتلانا بھولوں کو اور محبت کرنی غریبوں عبادت کرنے والوں سے اور مدد کرنی

الْعِيَالِ الْمُعْسِرِيْنَ وَقَالَ جِبْرَئِيْلُ يُحِبُّ رَبُّ الْعِزَّةِ جَلَّ جَلَالُهُ مِنْ
عیال داروں مفلسوں کی اور کہا جبرئیل نے پسند رکھتا ہے خدا تعالیٰ بڑی ہے بزرگی اسکی

عِبَادِهٖ ثَلٰثَ خِصَالٍ بَذْلُ الْاِسْتِطَاعَةِ وَالْبُكَاءُ عِنْدَ النَّدَامَةِ وَالصَّبْرُ
اپنے بندوں سے تین خصلتیں خرچ کرنی طاقت ف ۲ اور رونا نزدیک ندامت کے اور صبر

عِنْدَ الْفَاقَةِ وَعَنْ بَعْضِ الْحُكَمَاءِ مَنِ اعْتَصَمَ بِعَقْلِهٖ ضَلَّ وَ
نزدیک فاقہ کے اور روایت ہے بعض حکیموں سے جس نے چنگل ماری اپنی عقل میں گمراہ ہوا ف ۳ اور

ف ۱ مراد تلوار کا مارنا ہے کفار سے جہاد کرنا اور گرمی کے روزے بہ سبب تکلیف کے بہت فضیلت رکھتے ہیں

ف ۲ یعنی اللہ کی عبادت میں اپنی طاقت خرچ کرنی خواہ طاقت بدنی ہو خواہ طاقت مالی یعنی دونوں طرح سے اللہ کی اطاعت کی کوشش کرنی ۱۲ منہ

ف ۳ جس شخص نے اپنی عقل میں چنگل مارے یعنی ہر بات میں عقل کا تابع ہوا اور شرع کو چھوڑ کر گمراہ ہوا کیونکہ بعضے احکام شرع میں عقل کو کچھ دخل نہیں ہے جو ہر بات عقل کی تابع ہو وہ گمراہ ہی ہو اور جس امر میں کہ عقل کو دخل ہو اس میں عقل کی پیروی کرنی چاہیے کیونکہ عقل بڑی نعمت ہے جس کو بھی عقل سے ہی پہچانتے ہیں

مَنِ اسْتَغْنٰی بِمَالِهٖ قَلَّ وَمَنْ عَزَّ بِمَخْلُوْقٍ ذَلَّ وَعَنْ بَعْضِ الْحُکَمَاءِ

جو بے پروا ہوا بسبب اپنے مال کے کم ہوا ف ۱ اور جسنے عزت لی مخلوق سے ذلیل ہوا اور روایت ہے بعض حکیموں سے

ثَمَرَةُ الْمَعْرِفَةِ ثَلٰثُ خِصَالٍ اَلْحَیَاءُ مِنَ اللّٰهِ تَعَالٰی وَالْحُبُّ فِی اللّٰهِ

پھل معرفت کا تین خصلتیں ہیں حیا اللہ تعالے سے اور دوستی اللہ کے واسطے

وَالْاُنْسُ بِاللّٰهِ وَعَنِ النَّبِیِّ عَلَیْهِ السَّلَامُ اَنَّهٗ قَالَ الْمَحَبَّةُ

اور انس کرنا ساتھ اللہ کے اور روایت ہے نبی علیہ السلام سے کہ انہوں نے فرمایا محبت

اَسَاسُ الْمَعْرِفَةِ وَالْعِفَّةُ عَلَامَةُ الْیَقِیْنِ وَرَاْسُ الْیَقِیْنِ التَّقْوٰی

بنیاد معرفت کی ہے اور بچنا گناہ سے علامت یقین کی ہے اور اصل یقین کا پرہیزگاری

وَالرِّضٰی بِتَقْدِیْرِ اللّٰهِ تَعَالٰی وَعَنْ سُفْیَانَ بْنِ عُیَیْنَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

اور راضی ہونا تقدیر اللہ تعالی پر اور روایت ہے سفیان بیٹے عیینہ رضی اللہ عنہ سے

قَالَ مَنْ اَحَبَّ اللّٰهَ اَحَبَّ مَنْ اَحَبَّهُ اللّٰهُ تَعَالٰی وَمَنْ اَحَبَّ مَنْ

کہا جسنے دوست رکھا اللہ کو دوست رکھا اسکو کہ دوست رکھا اسے اللہ تعالی نے اور جسنے دوست رکھا اسکو

اَحَبَّهُ اللّٰهُ تَعَالٰی اَحَبَّ مَا اَحَبَّ فِی اللّٰهِ تَعَالٰی وَمَنْ اَحَبَّ

کہ دوست رکھا اسے اللہ تعالی نے دوست رکھا اس چیز کو کہ دوست رکھا اسنے اللہ کی راہ میں ف ۲ اور جسنے دوست رکھا

مَا اَحَبَّ فِی اللّٰهِ تَعَالٰی اَحَبَّ اَنْ لَّا یَعْرِفَهُ النَّاسُ وَعَنِ

اس چیز کو کہ دوست رکھا اسنے اللہ کی راہ میں دوست رکھا اسنے اس بات کو کہ نہ پہچانے اسکو آدمی اور روایت ہے

النَّبِیِّ عَلَیْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ اَنَّهٗ قَالَ صِدْقُ الْمَحَبَّةِ فِیْ

حضرت نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ انہوں نے فرمایا سچی محبت

ثَلٰثِ خِصَالٍ اَنْ یَّخْتَارَ کَلَامَ حَبِیْبِهٖ عَلٰی کَلَامِ غَیْرِهٖ

تین خصلت میں ہے کہ پسند کرے کلام دوست کا اوپر کلام غیر کے

وَیَخْتَارَ مُجَالَسَةَ حَبِیْبِهٖ عَلٰی مُجَالَسَةِ غَیْرِهٖ وَیَخْتَارَ

اور پسند کرے ہمنشینی دوست کی اوپر ہمنشینی غیر کے اور پسند کرے

ف ۱ یعنی [illegible]

ف ۲ یعنی [illegible]

رضى حبيبه على رضى غيره وعن وهب بن منبه اليمانى

خوشی دوست کی اوپر خوشی غیر کے اور روایت ہو وہب بن منبہ یمانی

رضى الله عنه مكتوب فى التورية الحريص فقير وان كان ملك

رضی اللہ عنہ سے کہ لکھا ہوا ہے توریت میں حرص کرنے والا فقیر ہے اگر چہ مالک دنیا کا

الدنيا والمطيع مطاع وان كان مملوكا والقانع غنى وان كان

ہے اور فرمانبردار کی تابعداری کی جاتی ہے اگرچہ غلام ہووے اور قناعت کرنے والا دولتمند ہے اگرچہ

جائعا وعن بعض الحكماء من عرف الله لم يكن له مع الخلق لذة

بھوکا ہو اور روایت ہے بعضے حکیم سے جسنے پہچانا اللہ کو نہوگی اسکو ساتھ خلق کے لذت

ومن عرف الدنيا لم يكن له فيها رغبة ومن عرف عدل

اور جسنے پہچانا دنیا کو نہوگی اسکو اسکی رغبت اور جسنے پہچانا عدل

الله تعالى لم يتقدم اليه الخصماء وعن ذى النون المصرى

اللہ تعالے کا آگے نہ آوینگے اسکے دشمن ف۲ اور روایت ہے ذی النون مصری کو

كل خائف هارب وكل راغب طالب وكل انس بالله مستوحش

جو ڈرتا ہے بھاگتا ہے اور جو رغبت کرتا ہے ڈھونڈتا ہے ف۳ اور جو انس پکڑتا ہے ساتھ اللہ کے

عن نفسه وقال العارف بالله تعالى اسير وقلبه بصير و

اپنے نفس سے اور کہا ہے عارف اللہ تعالی کا قید ہے ف۴ اور دل اس کا بینا ہے اور

عمله لله كثير وقال العارف بالله تعالى وفى وقلبه ذكى و

عمل اس کا اللہ کے واسطے بہت ہے اور کہا ہے عارف اللہ تعالی کا وفادار ہے اور دل اس کا روشن ہے

عمله لله زكى وعن ابن سليمان الدارانى انه قال اصل كل

اور عمل اس کا اللہ کے واسطے پاک ہے اور روایت ابن سلیمان دارانی سے کہ انہوں نے کہا اصل

خير فى الدنيا والاخرة الخوف من الله ومفتاح الدنيا الشبع

ہر بھلائی کی دنیا اور آخرت خوف ہے اللہ سے ہے اور کنجی دنیا کی پیٹ بھرنا ہے

ف۱ جو کوئی فرمانبرداری کرے اللہ تعالی کی تو اسکی سب چیز تابع ہو جاویگی جیسا کہ من کان للہ کان اللہ لہ [illegible] معنی یہ ہیں جو کوئی فرمانبرداری کرے اپنے آقا کی یا [illegible] تو آخرکار وہ اسکی تابعداری کریگا جیسا کہ مشہور ہے ہر کہ خدمت کرد او مخدوم شد ۱۲

ف۲ یعنی اللہ کے عدل سے [illegible]

ف۳ [illegible]

ف۴ یعنی دنیا کی قید میں ہے الدنیا سجن المومن [illegible]

ومفتاح



ومفتاح الآخرة الجوع وقيل العبادة حرفة وحانوتها

اور کنجی آخرت کی بھوک ہے اور کہا گیا ہے عبادت ایک پیشہ ہے اور دکان اسکی

الخلوة ورأس مالها التقوى وربحها الجنة قال مالك

اکیلا رہنا ہے اور اصل راس کا پرہیزگاری ہے اور نفع اسکا جنت ہے کہا ہے مالک

ابن دينار أحسن ثلاثا بثلث حتى تكون من المؤمنين الأكبر

ابن دینار نے سنوار تین خصلتوں کو تین کے ساتھ تاکہ ہوجاوے تو مومنوں سے بڑا

بالتواضع والحرص بالقناعة والحسد بالنصيحة باب

ساتھ تواضع کے اور حرص کو ساتھ قناعت کے اور حسد کو ساتھ خیرخواہی کے باب ہے

الرباعي روي عن رسول الله صلى الله عليه وسلم أنه

چار چیزوں کے بیان میں روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ

قال لأبي ذر الغفاري رضي الله عنه يا أباذر جدد السفينة

فرمایا ابو ذر غفاری رضی اللہ عنہ کو اے ابو ذر نئی بنا کشتی

فإن البحر عميق وخذ الزاد كاملا فإن السفر بعيد و

کیونکہ دریا گہرا ہے اور لے توشہ پورا کیونکہ سفر بڑا ہے اور

خفف الحمل فإن العقبة كؤود وأخلص العمل فإن الناقد بصير

ہلکا کر بوجھ کیونکہ گھاٹی سخت ہے اور خالص کر عمل کیونکہ پرکھنے والا نگاہ والا ہے

وقال الشاعر أشعار

اور کہا شاعر نے

فرض على الناس أن يتوبوا	لكن ترك الذنوب أوجب
اگرچہ لوگوں پر توبہ ہے واجب	مگر ترک گناہ ہے اس سے اوجب
والصبر في النائبات صعب	لكن فوت الثواب أصعب
مصائب پر صبر ہے صعب	مگر ہے فوت اجر صبر اصعب

وَالدَّهْرُ فِي صَرْفِهِ عَجِيبٌ	لٰكِنَّ غَفْلَةَ النَّاسِ أَعْجَبُ
زمانہ اپنی گردش میں عجیب ہے	یہ لوگوں کی ہے غفلت اس سے اعجب
وَكُلُّ مَا قَدْ يَجِيءُ قَرِيبٌ	وَلٰكِنَّ الْمَوْتَ مِنْ ذَاكَ أَقْرَبُ
جو کچھ ہے پیش آتا ہے وہ نزدیک	ولیکن موت ہے اس سب سے اقرب

وَعَنْ بَعْضِ الْحُكَمَاءِ أَرْبَعَةٌ حَسَنٌ وَلٰكِنَّ أَرْبَعَةً مِنْهَا أَحْسَنُ
اور روایت ہے بعض حکیم سے چار چیزیں نیک ہیں لیکن چار اُنسے نیک تر ہیں

اَلْحَيَاءُ مِنَ الرِّجَالِ حَسَنٌ وَلٰكِنَّهُ مِنَ الْمَرْأَةِ أَحْسَنُ وَالْعَدْلُ
شرم مردوں کی نیک ہے لیکن عورت کی نیک تر ہے اور عدل

